| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 9 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب سوم: سیرتِ طیّبہ خاتم النبیین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: بیعتِ عقبہ اُولیٰ وثانیہ |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- بیعتِ عقبہ اُولیٰ وثانیہ کے بارے میں جان سکیں۔
- بیعتِ عقبہ کی شرائط سے آگاہ ہو سکیں۔
- فروغِ اسلام میں بیعتِ عقبہ کے دُور رس نتائج جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے پوچھیں کیا وہ بیعت کے بارے میں جانتے ہیں؟ طلبہ کو سوچنے کا موقع دیں اور ان کے جوابات لیں۔ انھیں بتائیں بیعت کے معنی ہیں اطاعت اور وفاداری کا عہد کرنا۔ چونکہ یہ بیعت ''عقبہ'' کے مقام پر ہوئی اس لیے یہ بیعتِ عقبہ کہلاتی ہے۔

طلبہ کو بتائیں نبوت کے گیارھویں سال حج کے دنوں میں نبی اکرم خاتم النبیین ﷺ منیٰ کے میدان میں تشریف لے گئے۔ وہاں آپ خاتم النبیین ﷺ نے حج کے لیے آنے والے قبائل کو دینِ حق کی دعوت دی۔ ایک روز عقبہ کے مقام پر آپ خاتم النبیین ﷺ کی ملاقات یثرب کے چھے افراد سے ہوئی۔ جب آپ خاتم النبیین ﷺ نے ان افراد کو اسلام کی دعوت دی تو انھوں نے فوراً قبول کر لی۔ پھر انھوں نے مدینہ واپس جا کر اپنے خاندان اور رشتے داروں کو اسلام کی طرف بلایا۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب سے صفحہ نمبر ۳۳ کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں بیعتِ عقبہ تاریخِ اسلام میں بیعتِ عقبہ اُولیٰ کے نام سے جانی جاتی ہے۔
- انھیں بتائیں قبیلہ خزرج کے چھے افراد کا ایمان لانے کا اثر یہ ہوا کہ اگلے سال یعنی نبوّت کے بارھویں سال

- آپ خاتم النبیین ﷺ کے دستِ مبارک پر بارہ افراد نے بیعت کرکے اسلام قبول کرلیا اور اس بیعت کے تحت انھوں نے یہ عہد کیا کہ:
- ایک اللہ کی عبادت کریں گے۔
- چوری اور بدکاری نہیں کریں گے۔
- کسی پر تہمت نہیں لگائیں گے۔
- اپنی اولاد کو قتل نہیں کریں گے۔
- نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کی اطاعت کریں گے۔

پھر نبی کریم خاتم النبیین ﷺ نے فرمایا: تم میں سے جس نے اس بیعت کی پابندی کی تو اس کے لیے جنت ہے اور اگر کسی نے ان چیزوں میں خیانت کی تو اس کا معاملہ اللہ کے سپرد ہے۔ انھیں بتائیں ان اشخاص کو رخصت کرتے ہوئے حضرت اسعد بن زرارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مدینہ منوّرہ میں ان کا امام اور قائد مقرر فرمایا اور حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بطور معلّم ان لوگوں کے ساتھ روانہ کیا۔ اس طرح وہاں (مدینہ منورہ) میں تبلیغ کا سلسلہ جاری ہوگیا اور قبلہ اوس کے سردار حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سمیت کئی نامور لوگوں نے اسلام قبول کرلیا۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| تہمت | تُہ۔ مَت | الزام۔ بُہتان |
| تبلیغ | تب۔ لیغ | خدا کا حکم پہنچانا |
| معلم | مُ۔ عَل۔ لم | علم سکھانے والا۔ استاد |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے تصور کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کے سوالات طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

بیعتِ عقبہ کی شرائط کے بارے میں طلبہ کے درمیان گفتگو کروائیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

**سوال: خالی جگہ پر کریں۔**

۱ حضور اکرم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ____________ کے دنوں میں باہر سے آنے والوں کو اسلام کی دعوت دیتے تھے۔

۲ بیعت عقبہ کے نتیجے میں اَوس اور ____________ کے درمیان صدیوں پُرانی دُشمنی ختم ہوگئی۔

۳ سعد بن معاذ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْه قبیلہ ____________ کے سردار تھے۔

۴ تین سال میں ____________ اور خزرج کے متعدد افراد نے اسلام قبول کیا۔

| سبقی منصوبہ بندی: 2 | مضمون: اسلامیات | جماعت: پنجم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 9 | اُستاد کا نام: ______ |

| سبق کا نام: بیعتِ عقبہ اُولیٰ و ثانیہ | باب سوم: سیرتِ طیّبہ خاتم النبیین صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- بیعتِ عقبہ اُولیٰ و ثانیہ کے بارے میں جان سکیں۔
- بیعتِ عقبہ کی شرائط سے آگاہ ہو سکیں۔
- فروغِ اسلام میں بیعتِ عقبہ کے دُور رس نتائج جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** **5 منٹ**

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے گزشتہ سبق سے متعلق سوالات پوچھیں: بیعت سے کیا مراد ہے؟ بیعتِ عقبہ اُولیٰ کے بارے میں وہ کیا جانتے ہیں؟

- کن صحابی رسول خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مدینہ منوّرہ بطور معلّم بنا کر بھیجا گیا؟
- نبوّت کے بارھویں سال کتنے افراد نے دعوتِ اسلام قبول کی؟

طلبہ سے جوابات لیں درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

طلبہ کو بتائیں عقبہ ایک گزر گاہ ہے جو مکہ مکرمہ سے منیٰ آتے جاتے ہوئے منیٰ کے مغربی کنارے پر موجود ہے۔

انھیں بتائیں آج کے سبق میں وہ بیعتِ عقبہ ثانیہ کے بارے میں پڑھیں گے۔

**طریقہ تدریس:** **15 منٹ**

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر ۳۴ کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں بیعتِ عقبہ ثانیہ نبوّت کے تیرھویں سال منیٰ کی اسی گھاٹی پر ہوئی جس میں ۷۳ مردوں اور عورتوں نے آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دستِ مبارک پر بیعت کی۔ اس بیعت میں درج ذیل عہد و پیمان لیے گئے:
- نیکی کا حکم دیں گے اور برائی سے روکیں گے۔

- جب نبی کریم خاتم النبیین ﷺ ان کے پاس تشریف لائیں گے تو وہ آپ خاتم النبیین ﷺ کی مدد کریں گے اور جس چیز سے اپنی جان اور اپنے بچوں کی حفاظت کرتے ہیں اس سے آپ خاتم النبیین ﷺ کی بھی حفاظت کریں گے۔
- انھیں بتائیں اس بیعت کے نتیجے میں جہاں اشاعتِ اسلام کو فروغ حاصل ہوا وہیں اوس اور خزرج کی صدیوں پرانی دشمنی بھی ختم ہوگئی اور مدینہ منوّرہ میں یہودیوں کا سیاسی، مذہبی اور معاشی غلبہ ختم ہوگیا۔
- بیعتِ عقبہ ثانیہ ایک عظیم کامیابی ہے یہ بیعت ہجرتِ مدینہ کا پیش خیمہ ثابت ہوئی۔ جس کے نتیجے میں مدینہ منورہ کی شکل میں ایک اسلامی ریاست وجود میں آئی۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
| --- | --- | --- |
| طعن و تشنیع | طعن۔و۔تشنیع | چھیڑ چھاڑ۔ جلی کٹی باتیں |
| تمہید | تَم۔ہید | کسی کام کا آغاز |
| عہد و پیمان | عہد۔و۔پیمان | قول و قرار |
| معاشی غلبہ | مُ۔عا۔شی۔غلبہ | معاشی اختیارات |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (۲) کا سوال طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

بیعتِ عقبہ میں شامل صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین کے ناموں کا چارٹ بنا کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

**سوال: دُرُست جواب پر دائرہ لگائیں۔**

۱ عَقبہ کے مقام پر سب سے پہلے قبیلہ خزرج کے افراد نے اسلام قبول کیا:

الف ۹ افراد نے    ب ۱۲ افراد نے    ج ۶ افراد نے    د ۷ افراد نے

۲ بیعت عقبہ ثانیہ ہوئی:

الف نبوّت کے تیرھویں سال    ب نبوّت کے بارھویں سال

ج نبوّت کے گیارھویں سال    د نبوّت کے چودھویں سال

۳ بیعتِ عَقبہ ثانیہ میں اسلام قبول کیا:

الف ۷۰ افراد نے    ب ۷۵ افراد نے    ج ۸۰ افراد نے    د ۱۲۰۰ افراد نے

۴ حضور خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم نے بطورِ معلّم اہلِ مدینہ کے ساتھ روانہ کیا:

الف اسعد بن زرارہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کو    ب مصعب بن عمیر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کو

ج براء بن عازب کو    د حضرت بلال رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کو

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 9 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی ﷺ | سبق کا نام: حفظ و ترجمہ |

### حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سورۃ الفاتحہ مع ترجمہ حفظ کر سکیں۔

### تدریسی معاونات:

تختہ تحریر چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

### سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں سورۃ الفاتحہ تلاوتِ قرآن مجید کے اعتبار سے پہلی سورت ہے۔ اس سورت کا ایک نام سورۃ الصلوٰۃ ہے کیوں کہ اس کی ہر نماز میں تلاوت کی جاتی ہے۔ یہ قرآن مجید کی سب سے زیادہ فضیلت والی سورت ہے کیوں کہ اس کی فضیلت خود قرآنِ مجید میں بیان ہوئی ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ''اور یقیناً ہم نے آپ کو عطا فرمائی ہیں بار بار دہرائی جانے والی سات آیات اور عظمت والا قرآن۔''(سورۃ الحجر: ۸۷)

طلبہ کو بتائیں اس سورت میں دعا مانگنے کے طریقے کی تعلیم دی گئی ہے۔ اس سورت میں بندہ اللہ تعالیٰ کی تعریف اور شکر ادا کرتا ہے اور اپنی بندگی کا اظہار کرتا ہے۔

### طریقہ تدریس: 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے کتاب کا صفحہ نمبر ۶ کھلوائیں اور سورۃ الفاتحہ کی تلاوت پہلے استاد خود کریں۔ تلاوت سے پہلے طلبہ کو تعوذ تسمیہ پڑھنے کی تلقین کریں اور قرآن مجید کی تلاوت کے آداب بتائیں۔
- اس کے بعد طلبہ کو سورۃ الفاتحہ کی پہلی تین آیات کی تلاوت کرائی جائے۔ تلفّظ کی ادائی کا خاص خیال رکھا جائے۔
- پانچ سے سات بار پڑھائی کروانے کے بعد طلبہ کو سورۃ الفاتحہ کا بامحاورہ ترجمہ یاد کروایا جائے۔
- انھیں ہر لفظ کا ترجمہ و معانی بتائیں تاکہ وہ باآسانی ترجمہ یاد کر سکیں۔

- طلبہ کو بتائیں ہر نماز کی ہر رکعت میں سورۃالفاتحہ کا پڑھنا ضروری ہے اس کے بغیر نماز نہیں ہوتی۔

**اعادہ:** **2منٹ**

طلبہ کے ساتھ مل کر سورۃالفاتحہ کی تلاوت کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے سورۃالفاتحہ اور ترجمہ زبانی سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

گھر میں والدین کی مدد سے سورۃالفاتحہ کا ترجمہ زبانی یاد کرنے کی مشق کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کے مابین مقابلہ حسنِ قرأت کا مقابلہ کروائیں۔